حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

شہرۂ آفاق سی حرفیاں

ٹھیکیدار راجہ محمد اختر

دربار عالیہ کھڑی شریف

Marfat.com

مولا مشکل کشا چھٹی بیڑ ستی نوں پار لاں

میاں محمد بخش رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کی شہرہ آفاق سی حرفیاں

ٹھیکیدار راجہ محمد اختر

دربارِ عالیہ کھڑی شریف

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق اشاعت محفوظ ہیں

84917

میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ کی شہر آفاق سی حرفیاں

مصنف ——— حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

اشاعت اول ——— جولائی 2010ء

پرنٹرز ——— آر۔آر پرنٹرز

ناشر ——— ٹھیکیدار راجہ محمد اختر

قیمت ——— /- روپے

ملنے کے پتے

ٹھیکیدار راجہ محمد اختر دربار عالیہ کھڑی شریف آزاد کشمیر

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

اسلام بک ڈپو ۱۲ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941

Marfat.com

حضرت میاں محمد بخشؒ (کھڑی شریف)

تصوف دین اسلام کی روح' اس کی جامعیت اور اس کے روحانی اور باطنی نظام کا نام ہے۔ اس کا منبع و سرچشمہ صرف اور صرف دربار رسالت مآب ؐ ہے۔ شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ کے نزدیک نبوت وحی کے ذریعے حق تعالیٰ کی ذات' اسماء اور صفات کی خبر رسانی اور احکام شریعت کی معرفت کا نام ہے۔ ولایت نبوت کی باطنی جہت کا نام ہے۔ شیخ اکبر کے عقیدے کے مطابق ولایت صفت الٰہی ہے' نبوت و رسالت کا باطن اور حق کا تصور فی الخلق ہے۔ اس کا حکم خدا سے متعلق ہے اور دنیا و آخرت میں دائم اور باقی ہے۔ ہر رسول نبی ہوتا ہے جبکہ کوئی نبی رسول نہیں ہوتا۔ یعنی نبوت کے دائرے میں رسالت ایک خاص مرتبہ ہے اسی طرح ہر نبی ولی ہوتا ہے مگر کوئی ولی اللہ نبی نہیں ہوتا۔ لہٰذا رسول کا مرتبہ نبی اور ولی کے مرتبے سے بلند ہے کیونکہ رسول سہ گانہ مراتب کو جامع ہوتا ہے۔ لیکن اس کی ولایت کا مرتبہ اس کی نبوت سے اور اس کی نبوت کا مرتبہ اس کی رسالت سے بالاتر ہوتا ہے۔ وہ اس لئے کہ ولایت اس کی جہت حقیقت ہے جو فانی فی الحق ہے اور نبوت جہتِ ملکوتی ہے جس کے واسطے سے ملائکہ کے ساتھ مناسبت پیدا ہوتی ہے۔ جن کے ذریعے سے وہ وحی حاصل کرتا ہے جب کہ رسول کی رسالت اس کی جہتِ بشریت ہے جس کے وسیلے سے انسانوں کے ساتھ مناسبت پیدا ہوتی ہے اور وہ ان احکام الٰہی کی تبلیغ کرتا ہے۔ اس اعتبار سے ابن عربی کے نزدیک ولایت نبوت اور رسالت سے افضل ہے اور ایک نبی اور رسول کی ولایت اس کی نبوت اور رسالت سے افضل ہے۔ مگر یہ بات نہیں کہ غیر نبی کی ولایت کو ابن عربی نبی اور رسول کی نبوت اور رسالت سے افضل سمجھتے ہیں۔

ابن عربی اور ان کے پیرو ولایت کی دو قسمیں مانتے ہیں۔ ایک ولایت عامہ جو سب اہل ایمان کو حاصل ہے۔ دوسری ولایت خاصہ جو اولیاء کاملین اور واصلین کے ساتھ مخصوص ہے اور بندے کے فنافی اللہ اور بقا اللہ سے عبارت ہے۔ یعنی بندہ اس مقام میں قید خودی سے رہا ہو کر حق تعالیٰ کی ذات میں فانی ہو جاتا ہے اور اس کی بقا کے ساتھ باقی۔ اس مقام پر فائز ہونے والا ولی حصول فنا و بقا کے ساتھ معارفِ الٰہیہ کا مخزن اور عارف بن جاتا ہے۔ اس وقت اس کی زبان

Marfat.com

حق ترجمان پر حقائق و معارف جاری ہو جاتے ہیں اور وہ ان کی خبر دیتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں ہمیں میاں محمد بخش کھڑی شریف کھڑے نظر آتے ہیں۔ ان کا تمام کلام عرفان محمدی اور معرفتِ الٰہیہ سے لبریز ہے۔ میاں صاحب کے تمام کلام میں توحید، ہمہ اُوست ایک منفرد تمثیلی رنگ و روپ میں نمایاں طور پر نظر آتے ہیں۔ یعنی ایک حقیقت (Divine Reality) مجاز کی صورت میں نظر آتی ہے۔

ایک قائدے اور قانون کے مطابق دین اسلام کا نظام روحانیت جاری و ساری ہے۔ تمام سلاسل صوفیا ایک ہی درخت کی شاخیں ہیں۔ البتہ سلسلہ عالیہ قادریہ کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے اس کے بانی حضور سیّدنا غوثِ اعظم شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی ہیں جو مقام قطبیعت کبریٰ کے مقام پر فائز ہیں۔ یہ مقام فرد سے بھی بلند ہے۔ اسی لئے شہنشاہِ بغداد شہباز لامکان کو فرد الافراد بھی کہتے ہیں۔ اور حضرت خضرؑ بھی جو مقام فرد پر ہیں غوث پاک کے دربار کی دربانی کرتے نظر آتے رہے ہیں۔ آپ کی قطبیت آفاقی ہے لامکانی اور لازمانی ہے، ازلی ہے، ابدی ہے دنیا کے کسی بھی خطے یا گوشے سے کوئی بھی متلاشی حق یا سالک خواہ وہ کسی سلسلے تصوف سے تعلق رکھتا ہو سیّدنا غوث اعظم کی وساطت اور وسیلے کے بغیر مرتبہ ولایت کو نہیں پہنچ سکتا۔

شجرہ نسب اور ولادت:

سرکار کا اسم گرامی حضرت میاں محمد بخشؒ ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام حضرت میاں شمس الدین قادری تھا جو دربار حضرت پیر پیرا شاہ اشاہ غازی قلندر المعروف بہ پیر دمڑی والا کے سجادہ نشین تھے۔ حضرت میاں محمد بخش رمضان المبارک ۱۲۴۶ ہجری بمطابق مارچ ۱۸۳۰ء بمقام چک ٹھاکرہ میں پیدا ہوئے۔ یہ چک علاقہ کھڑی ضلع میرپور (آزاد کشمیر) کا ایک چھوٹا سا گاؤں ہے۔ سرسبز و شاداب درختوں اور لہلاتے کھیتوں سے بھرپور وادی کھڑی نہر اپر جہلم کے کناروں پر مغرب سے مشرق کی جانب پھیلی ہوئی ہے۔

حضرت میاں محمد بخش کے دو بھائی تھے۔ میاں بہاول بخش ان سے بڑے تھے اور میاں علی بخش چھوٹے تھے۔ اس خاندان کے آباؤ اجداد گاؤں چک بہرام ضلع گجرات کے رہنے والے

Marfat.com

تھے اور یہ گوجروں کی ایک ذات پسوال سے تعلق رکھتے تھے۔ سیّد اختر امان جعفری کی تحقیق کے مطابق ان کا تعلق ایک صحابی رسول اللہ ﷺ حضرت دحیہ کلبیؓ سے تھا۔ ان کی نسل سے کوئی شخص ہجرت کر کے جموں کے علاقے میں رہائش پذیر ہو گیا تھا۔ اس طرح کئی نسلیں گزرنے کے بعد یہ پسوال گوجر جموں سے ہجرت کر کے ضلع جہلم اور گجرات میں آ کر آباد ہو گئے۔ اس لئے بعض تذکرہ نگاروں نے ان کا شجرہ نسب جو حضرت عمر فاروقؓ سے ملایا ہے جدید تحقیق نے اس کی تردید کی ہے۔ (سیف الملوک۔ ترجمہ اور مقدمہ شفیع عقیل صفحہ ۱۹)

ذکر پیرا شاہ غازی:

حضرت میاں پیرا شاہ غازیؒ نے فرمایا کہ ہمارا فقر نصیب خان (حضرت مرید خان المعروف بگا شیر) سے ظاہر ہوگا اور ہماری سجادگی کی رونق حضرت میاں دین محمد صاحبؒ سے ظاہر ہوگی جو حضرت میاں محمد بخش کے پڑدادا تھے۔ حضرت پیر غازی قلندر کے اسم گرامی کے بارے کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس تحقیق کے سلسلے میں بھی مستند ہستی حضرت میاں محمد بخش صاحبؒ ہی ہیں۔ میاں صاحب نے اپنی تمام تر تخلیقات اور دیگر کلام مطبوعہ و غیر مطبوعہ میں کثرت سے حضرت پیرا شاہ غازی قلندر کا ذکر کیا ہے اور ہر جگہ آپ کو "پیر شاہ" پکارا ہے اور یا "پیرا شاہ" کے اسم گرامی سے مخاطب کیا ہے آپ کے ملفوظات میں ایک مقام پر سب سے واضح ثبوت ملتا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کا اصل اسم گرامی پیر شاہ تھا جو علاقائی بول چال کی بنا پر عرف عام میں پیرا شاہ ہو گیا۔ لیکن حضرت میاں صاحب نے حضرت غازی قلندر دمڑی والی سرکار کے آباؤ اجداد سن ولادت اور قومیت کا ذکر کرنے سے گریز کیا ہے۔ حضرت غازی قلندر پیشے کے اعتبار سے تاجر تھے۔ کچھ عرصہ آپ نے فوجی خدمات بھی سرانجام دیں۔ یہ مغل بادشاہ اورنگ زیب عالمگیر کا زمانہ تھا۔ آپ نے کئی معرکوں میں حصہ لیا بدن پر زخموں کے نشانات تھے۔ اسی معرکہ آرائی میں آپ کی شجاعت کی وجہ سے آپ کو اسد العساکر (فوجوں میں شیر) والمغازی کہا جانے لگا۔

حضرت پیرا شاہ غازی نے سلسلہ عالیہ قادریہ میں خاندانِ حجروی کے بزرگ شہنشاہ ولایت حضرت سیّد شاہ محمد علی امیر بالا پیر کے دستِ حق پرست پر بیعت کی۔ حضرت سید علی امیر بالا

Marfat.com

پیر کے والد ماجد محکم الدین حضرت میراں شاہ محمد مقیم حجرویؒ ، حضرت سید دم میراں پاک لعل بہاول شیر قلندر کی اولاد پاک میں سے تھے۔

حضرت پیرا شاہ غازی کو دمڑی والی سرکار اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ کی نسبت سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے تھی۔ ایک مرتبہ کشفی کیفیت میں آپ غوث پاک کے حضور حاضر تھے تو غوث پاک نے فرمایا کہ اے فقیر آپ کو ایک لاکھ ٹکہ روزانہ عطا فرمایا جاتا ہے کہ خلق خدا قیام قیامت تک آپ کے نام نذر و نیاز مان کر رب ذوالجلال سے اپنی حاجت روائی کی درخواست کریں گے۔ آپ نے عرض کی کہ اے غریب نواز اتنی بڑی رقم سے فقیر کو کیا مطلب بلکہ میرے خلفا اس سے عیاش ہو کر اسم باری تعالیٰ سے غافل ہو جائیں گے۔ خدارا اسے کم فرمائیں۔ پھر جناب غوث پاک نے ارشاد فرمایا کہ اس کو کم کر کے سوا لاکھ دمڑی کیا جاتا ہے کیونکہ اس طرح دینے والے کے لئے کوئی فضول خرچی نہ ہوگی اور نہ ملنے والے کے لئے کوئی خاص فائدہ ہوگا۔ بزرگوں کا فرمان ہے کہ ہر روز حضرت پیرا شاہ غازیؒ کے نام پر خلق خدا سوا لاکھ دمڑی کی منت مان کر رب تعالیٰ سے اپنی حاجت روائی کی التجا کرتے ہیں۔

حضرت پیرا غازی قلندر نے ۱۵ شعبان ۱۱۵۵ ہجری کو اس دار فانی سے کوچ فرمایا۔

مناصبِ سجادگی:

جیسا کہ ذکر کیا گیا ہے کہ حضرت پیرا شاہ غازی نے فرمایا تھا کہ ہمارا فقر نصیب خان (حضرت مرید خان المعروف بگا شیر) سے ظاہر ہوگا اور ہماری سجادگی کی رونق حضرت میاں دین محمد صاحب سے ظاہر ہوگی۔ لہٰذا آپ کے فرمان کے مطابق آپ کے فقر کا ظہور حضرت میاں حاجی بگا شیر کے ذریعے پشت در پشت نمایاں ہوتا آیا۔ حضرت بگا شیر کے مریدین میں سے حضرت بابا بدوح شاہ صاحب اور پھر ان کے مرید حضرت سائیں غلام محمد صاحب نے حضرت غازی قلندرؒ کے فقر کا پرچم سر بلند فرمایا۔ حضرت سائیں غلام محمد صاحب کے بعد یہ منصب شہنشاہ ولایت اور منبع رشد و ہدایت عارفِ کامل حضرت میاں محمد بخش تک پہنچا۔ حضرت غازی قلندر نے بوقت آخر وصیت فرمائی تھی کہ "ہماری سجادگی کی رونق میاں دین محمد سے ہوگی اور ہماری دمڑی اور

Marfat.com

مصلیٰ کا وارث بھی میاں دین محمد ہوگا۔" چنانچہ آپ کے وصال کے بعد آپ کے صاحبزادے' مرید اور خلیفہ میاں دین محمد صاحب ہی خانقاہ شریف کے سجادہ نشین اوّل قرار پائے۔

حضرت میاں ڈھیرو صاحب حضرت میاں دین محمد صاحب کے چھوٹے بھائی تھے۔ سرکاری غازی قلندر کی وفات کے بعد آپ میاں دین محمد صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بیعت کی درخواست کی۔ چنانچہ انہوں نے سرکار غازی قلندر کی قبر شریف کے پاس موجود ایک مٹی کے ڈھیر پر بیٹھا کر بیعت سے مشرف فرمایا۔ اسی وجہ سے آپ کا لقب میاں ڈھیرو مشہور ہوگیا۔ بیعت کے بعد میاں ڈھیرو پر عموماً عالم استغراق رہنے لگا۔ ہمہ وقت یاد الٰہی میں گم رہتے۔ میاں دین محمد کے وصال کے وقت ان کے بیٹے حضرت میاں جیون ابھی نابالغ تھے۔ اس لئے حضرت میاں ڈھیرو صاحب خلیفہ اور سجادہ نشین دوم مقرر کئے گئے۔

حضرت میاں جیون ولی صاحب جب بالغ ہوئے تو میاں ڈھیرو صاحب نے منصب سجادگی ان کے سپرد کر دیا۔ یہ واصلین دنیاوی جاہ و جلال اور حرص و ہوا سے بے نیاز ہوتے ہیں۔ حضرت میاں ڈھیرو صاحب صرف اس وقت تک منصب سجادگی پر جلوہ افروز رہے جب تک ان کی ضرورت تھی اور پھر موقع ملتے ہی اس سے دستبردار ہو گئے۔ یاد رہے میاں ڈھیرو مجرد تھے اور ان کا اصل نام میاں شہباز تھا۔

حضرت میاں جیون ولی فقر کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے۔ دربار شریف کے انتظام پر بھی نظر رکھتے اور مریدوں کی خاطر داری کا بھی خیال رکھتے۔ آپ کے دو حرم تھے۔ ایک حرم سے تین صاحبزادے' حضرت میاں قادر بخش' حضرت میاں کرم بخش المعروف میاں کملا صاحب اور حضرت میاں الٰہی بخش تھے۔ اور دوسرے حرم سے ایک صاحبزادہ حضرت میاں شمس الدین صاحب اور ایک صاحبزادی تھیں۔ آپ کے سب سے چھوٹے صاحبزادے حضرت میاں شمس الدین صاحب ابھی اڑھائی برس کے تھے کہ حضرت میاں جیون ولی صاحب وصال کر گئے۔ ان کے بعد اگرچہ منصب سجادگی کا حکم میاں شمس الدین صاحب کے لئے تھا لیکن ان کا کم سنی کا عالم تھا اس لئے یہ ذمہ داری میاں کملا کو سونپ دی گئی۔ مست وار فنافی اللہ ہونے کی وجہ سے میاں کملا کے

Marfat.com

نام سے مشہور ہوئے۔ آپ تمام عمر مجرد رہے۔

حضرت میاں شمس الدین تحصیل و تکمیل علوم کے بعد منصب سجادگی پر فائز ہوئے۔ فقر باطنی کا حصہ حضرت میاں بدوح شاہ سے مل چکا تھا۔ حضرت میاں شمس الدین کے تین صاحبزادے اور ایک صاحبزادی تھی۔ آپ کے صاحبزادوں کے اسمائے گرامی حضرت میاں بہاول بخش، حضرت میاں محمد بخش اور حضرت میاں علی بخش ہیں۔ حضرت بابا بدوح شاہ صاحب، حضرت بابا فیض بخش صاحب اور حضرت سائیں غلام محمد صاحب برگزیدہ ہستیاں آپ کے ہم عصروں میں سے تھے۔ حضرت میاں شمس الدین صاحب ۱۲۶۴ ہجری میں اس جہانِ فانی سے رخصت ہو گئے۔

حضرت میاں بہاول بخش صاحب اپنے والد گرامی حضرت میاں شمس الدین صاحبؒ کے بعد مسند سجادگی پر رونق افروز ہوئے۔ ایک عرصہ تک منصب سجادگی پر جلوہ افروز رہنے کے بعد ۱۲۹۸ ہجری میں وصال فرما گئے۔ ان کے بعد قطب دوراں حضرت میاں محمد بخشؒ سجادہ نشین مقرر ہوئے۔ اس طرح قادری حجروی سلسلہ و طریقت میں فیضان حضرت میاں پیرا شاہ غازی سے چوتھی پشت میں آسمان ولایت پر درخشندہ آفتاب نمودار ہوا جو معرفت میں یکتا کامل و اکمل ثابت ہوا۔ یہ ہستی حضرت عارف کھڑی شریف حضرت میاں محمد بخش صاحبؒ ہیں۔

بچپن:

حضرت میاں محمد بخش کی سن ولادت کا ذکر ہو چکا ہے۔ آپ نے ایک خوش حال گھرانے میں آنکھیں کھولیں۔ آپ کے والد ماجد حضرت میاں شمس الدین علاقہ کے سرکردہ زمیندار تھے۔ گھر میں مال مویشی کی فراوانی اور سواری کے لئے گھوڑیاں موجود تھیں۔ اس کے علاوہ یہ گھرانہ حضرت پیرا شاہ غازی کے سجادہ نشین ہونے کے ناطے سے نہایت عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ حاکمین وقت سے لے کر سالکین راہ طریقت جب خانقاہ شریف میں سلام کے لئے آتے تو سجادہ نشینوں کی خدمت میں بھی حاضری دیتے اس قدر دنیاوی آسائش میسر ہونے کے باوجود حضرت میاں محمد بخش صاحبؒ بچپن سے ہی اپنے ہم عمروں لڑکوں سے الگ تھلگ

Marfat.com

رہتے۔ شروع ہی سے فقیر منش اور درویشانہ طبیعت کے مالک تھے۔ گھر کا ماحول نہایت پاکیزہ اور متقیانہ تھا۔ والدہ ماجدہ صوم وصلوٰۃ کی پابند' نہایت سادہ طبیعت عفیفہ تھیں والد ماجد بھی متقی پرہیز گار' شب بیدار' غوث مدار اور دنیاوی علائق سے دور دانا اور حلیم الطبع شخصیت کے مالک تھے۔ ایسے ماحول میں ایسے والدین کے زیر سایہ پرورش پانے کے ساتھ ساتھ حضرت میاں صاحب بذاتِ خود بھی بچپن ہی سے نہایت باشعور اور بلند فہم وفراست کے مالک تھے۔ میاں صاحب ابھی پانچ برس کے تھے کہ ایک مرتبہ حضرت حاجی بگا شیر کے خلیفہ حضرت صاحبزادہ عبدالحکیم صاحب دربار شریف پر حاضری کے لئے تشریف لائے۔ اس وقت حضرت میاں صاحب اپنے والد بزرگوار حضرت میاں شمس الدین صاحب کے ہمراہ دربار شریف میں موجود تھے۔ جناب صاحبزادہ عبدالحکیم صاحب نے آپ کے سر مبارک پر دستِ شفقت رکھ کر حضرت میاں شمس الدین صاحب سے فرمایا کہ اس صاحبزادے کی آغوش خاص میں پرورش فرمائیں۔ یہ شمعدانِ حقیقت اپنی ضوفشانی سے ایک جہان کو منور کرے گا۔

ایک روز حضرت میاں شمس الدین صاحب چادر اوڑھے آرام فرمارہے تھے تو حضرت میاں صاحب نے پاس بیٹھ کر پاؤں دبانے شروع کر دیئے۔ والد صاحب نے پوچھا کون ہو؟ آپ نے عرض کیا کہ میں محمد بخش ہوں۔ والد صاحب نے پوچھا کیا چاہتے ہو؟ آپ نے عرض کیا میرے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ مجھے سچا فقیر بنادے۔ والد ماجد نے ننھے محمد بخش کو سینے سے لگالیا اور بارگاہ کبریا میں یوں دعا فرمائی۔ ''اے علیم وبصیر پروردگار میرے اس بچے نے کبھی کسی دنیاوی کام یا خواہش کا اظہار نہیں کیا۔ آج یہ تیری اور فقط تیری رضا کا طلب گار ہوا ہے میں اسے تیرے سپرد کرتا ہوں۔ اے علام الغیوب مالک اسے اپنے نیک بندوں کی صف میں کھڑا کر...... '' (امین)

تحصیل وتکمیل علم:

بارھویں صدی ہجری کے وسط میں ایک کامل واکمل بزرگ حضرت حافظ محمد مقیم صاحب اپنے آبائی گاؤں موضع غازی گڑھ سے ہجرت فرما کر علاقہ سموال جو چک ٹھاکرہ سے پانچ میل کی مسافت پر مشرق کی جانب آباد ہے میں تشریف لائے۔ سموال آباد ہو کر انہوں نے ایک مدرسہ

Marfat.com

قائم کیا اور اس علاقے کو علم کی روشنی سے منور فرمانے لگے۔ یہی وہ درسگاہ تھی جہاں حضرت میاں بہاول بخش اور حضرت میاں محمد بخش ''حصول تعلیم کے لئے حاضر ہوئے۔ حضرت میاں محمد بخش نے اس مدرسے سے نظم ونثر، حدیث، فقہ، منطق اصول جامع میں کامل ہونے کے ساتھ عربی فارسی علوم ظاہری میں عبور حاصل کر لیا۔ میاں صاحب نے جن اساتذہ کرام سے علم حاصل کیا ان کا تذکرہ اپنے اشعار (سوہنی مہینوال) میں کیا ہے۔ ان میں حافظ محمد علی صاحب، حافظ نور ولی صاحب، حافظ غلام حسین صاحب، نور حسین صاحب اور حافظ ناصر الدین صاحب کے اسماء شامل ہیں۔

سموال شریف کی درسگاہ سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ کی طبیعت میں نکھار پیدا ہو گیا۔ بچپن میں ہی سچا فقیر بننے کی خواہش کرنے والے پابند صوم وصلوٰۃ میاں محمد بخش صاحب فقر و درویشی کے قریب سے قریب ہوتے چلے گئے۔ جب پورے جوان ہوئے تو ایک حلیم طبع گدڑی پوش چٹائی نشین فقیر کے روپ میں دنیا کے سامنے آئے۔ آپ کی عمر انیس برس کی ہوئی تو آپ کے والد ماجد حضرت شمس الدین صاحب کا وقت آخر آ پہنچا۔ انہوں نے علاقے کے اکابرین کو بلا کر ارشاد فرمایا کہ میں اپنی زندگی میں منصب خلافت وسجادگی اپنے صاحبزادے میاں محمد بخش کے سپرد کرنا چاہتا ہوں۔ تمام حاضرین مجلس نے اس تجویز کی تائید کی لیکن میاں محمد بخش صاحب نے عرض کیا۔ ''یا حضرت آپ کے ارشاد کی تعمیل میں برکات کا خزینہ ہے لیکن اس منصب عالی شان کا خانہ زاد کو یارا نہیں۔ چونکہ اس منصب سے حکام وامراء سے میل وملاپ رکھنے کی صورت پیدا ہوتی ہے، دنیاوی جاہ وجلال میسر آتا ہے اور فقیر کو اس کی خواہش نہیں۔ دوسرے یہ کہ بڑے بھائی صاحب کی محرومی ہوگی جو مجھے گوارا نہیں۔ اس لئے دست بستہ عرض ہے یہ منصب میرے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش صاحب کو سونپ دیا جائے اور مجھے خزانہ الٰہی سے فقر کی جدی میراث دلوائی جائے۔''

یہ بیان سن کر والد ماجد چارپائی سے اٹھ کھڑے ہوئے اور صاحبزادے کے دونوں ہاتھ پکڑ کر بغداد کی جانب رخ کر کے گویا ہوئے: ''اے دستگیر بے پناہاں! میرے اس فرزند کے دونوں ہاتھ اپنے دستِ شفقت میں قبول فرمائیں۔ میں اسے آپ کے سپرد کرتا ہوں۔'' چنانچہ

Marfat.com

دربار گوہر بار کا منصب سجادگی آپ کے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش صاحب کے سپرد ہوا۔اور حضرت میاں محمد بخش صاحب منازل فقر طے کرنے میں مشغول ہو گئے۔

حضرت میاں محمد بخش صاحب کی بچپن میں ہی اپنے خاندان میں منگنی ہو چکی تھی۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا آپ کا لگاؤ فقر درویشی سے پختہ ہوتا گیا۔ جب حضرت میاں شمس الدین صاحبؒ نے آپ کو جوانی کی دہلیز پر دیکھا تو ان سے شادی کے بارے میں پوچھا۔آپ نے والد صاحب کی خدمت میں عرض کی کہ فقیر کو شادی سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔اس لئے مجھے اس کام سے مستثنٰی قرار دیا جائے۔ والد ماجد نے بیٹے کی آرزو کا پاس رکھا۔لیکن دوسری طرف رشتہ چھوڑنے سے خاندان میں ناچاقی کا خدشہ تھا۔اس لئے وہ رشتہ میاں صاحب کے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش کو دے کر ان کی شادی کر دی گئی۔

ذکر بیعت:

دنیائے تصوف کے اصول وضوابط کے مطابق کسی کامل ہستی کے دست پر ظاہری بیعت کرنا ضروری ہوتا ہے یہاں تک کہ اگر حضور سرور کونین ﷺ کسی کی رہنمائی یا تربیت خود بھی اویسی انداز میں فرمائیں تب بھی سالک کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ظاہری بیعت کر لیں تاکہ شرعی تقاضے پورے ہو جائیں۔تصوف میں دستِ مرشد پر بیعت کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔طالب حق اس میں سرگرداں رہتا ہے۔بعض اوقات مرشد کامل کی تلاش میں برس ہا برس گزر جاتے ہیں تب جا کر بیعت حقیقی نصیب ہوتی ہے۔ مولانا رومی اور شمس تبریز کی پہلی ملاقات کے بعد جب مولانا کو بیعت کی اشد ضرورت محسوس ہوئی عشق کی آگ بھڑک چکی تھی۔آپ شمس تبریز کی تلاش میں آٹھ یا نو سال سرگرداں رہے۔چونکہ شمس تبریز پہلی ملاقات کے بعد غائب ہو چکے تھے لہٰذا مولانا گلی گلی کوچہ کوچہ شہر بہ شہر دیوانوں کی طرح پھرتے رہے۔ بالآخر آٹھ سال بعد دوبارہ ملاقات ہوئی اور پیری مریدی کا سلسلہ چل نکلا۔شمس تبریز نے مولانا سے بیعت لی اور روحانی تربیت کا آغاز ہوا۔ ایسی بے شمار مثالیں تصوف کی دنیا میں موجود ہیں۔کوئی سلطان باہو سے پوچھے کوئی مولانا عبدالرحمٰن جامی سے دریافت کرے کہ ان کو مرشد کامل کب ملا اور کب بیعت نصیب ہوئی۔افسوس

Marfat.com

اس بات کا ہے آج ہم بیعت کی حقیقت اور روح سے آگاہ ہی نہیں۔ یاد رہے تصوف میں سالکین کے لئے یہ نہایت کٹھن اور مشکل مرحلہ ہے۔ یہاں جد و جہد بے چینی اور ایک طوفانی دور سے گزارنا مقصود ہوتا ہے تاکہ تزکیہ نفس اور تطہیر قلب حاصل ہو۔ سالک کے مقدر میں جتنا بلند مقام ہوتا ہے اتنے ہی شدائد سے گزرنا بھی ہوتا ہے۔ اور حقیقی بیعت پہلے ہی روز طالب حق کو دربار رسالت میں پہنچا دیتی ہے اور یہ کام بالآخر حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور سیّدنا غوث اعظم کے توسط اور وسیلہ سے سرانجام پاتا ہے۔

حضرت میاں محمد بخش صاحب نے جس گھرانے میں آنکھیں کھولیں وہ خاندان حضرت پیر پیرا شاہ غازی قلندر قدس سرہ العزیز کے دربار کا سجادہ نشین گھرانہ تھا۔ حضرت میاں صاحب کے والد ماجد حضرت میاں شمس الدین صاحب بذاتِ خود بلند پایہ ولی کامل بزرگ تھے۔ حضرت صاحبزادہ عبدالحکیم صاحب خلیفہ مجاز حضرت مرید خان بگا شیر آپ (میاں محمد بخش) کے سر مبارک پر دستِ شفقت رکھ کر آپ کے آفتاب عالم ہونے کے پیشن گوئی کر چکے تھے۔ بے شمار اولیاء کاملین، اغواث اور اقطاب حضرت پیر پیرا شاہ غازی قلندر پیر دمڑی والا کے حضور حاضری کے لئے دربار عالی تشریف لایا کرتے تھے۔ حضرت پیر غازی قلندر کا فیضان حضرت میاں صاحب کے سامنے ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔

جب بیعت کی خواہش نے ایک طوفانی روپ اختیار کیا تو آپ نے استخارہ کرنے کے بعد حضرت غازی قلندر کی خدمت میں اپنی آرزو پیش کی تو مرشدِ کامل نے خواب میں آپ کے بازو پکڑ کر ارشاد فرمایا: ''اے فرزند ہم تمہارے پیر ہیں اور تم ہمارے مرید ہو لیکن ظاہری بیعت کے لئے ہمارے روحانی فرزند حضرت سائیں غلام محمد صاحب کے پاس موضع کلروڑی حاضری دو۔''

آپ حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حضرت سائیں غلام محمد صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنا مدعا بیان کیا اور حضرت غازی قلندر کا ارشاد سنایا۔ حضرت سائیں صاحب نے فرمایا کہ چند روز صبر کرو۔ کچھ عرصہ بعد آپ نے پھر عرض کی تو وہی جواب ملا۔ غرض اس طرح چند سال گزر گئے۔ اس دوران عبادت و ریاضت کا سلسلہ جاری تھا۔ چنانچہ حضرت میاں صاحب خود اس

Marfat.com

امر کی تصدیق فرماتے ہیں کہ اس انتظار میں جو تزکیہ نفس حاصل ہوا وہ کسی دوسری عبادت سے نہ ہوا۔

بالآخر قبولیت کی گھڑی آ پہنچی جس کا بے چینی سے انتظار تھا۔ حضرت سائیں غلام محمد صاحب نے آپ کو حضرت بابا بدوح شاہ ابدال کی قبر شریف کے قریب بیٹھا کر بیعت سے مشرف فرمایا۔ بیعت کے بعد حضرت میاں محمد بخش سلسلہ عالیہ قادریہ کی موتیوں کی لڑی میں پرو دیئے گئے۔

حضرت سائیں غلام محمد صاحب سے فیضیاب ہونے کے بعد حضرت میاں صاحب نے مراقبے اور چلہ کشی میں وقت صرف کرنا شروع کیا۔ اسی دوران میں مرشد کامل کی طرف سے حکم ہوا کہ سرینگر جائیں اور ولی کامل حضرت شیخ احمد ولی سے فیض باطنی کا حصہ وصول کریں۔ لہٰذا آپ نے سرینگر کا سفر اختیار فرمایا۔ ایک تہہ بند اور ایک کمبل میں ملبوس، برہنہ پاؤں پہاڑوں ٹیلوں ندی نالوں اور گھنے جنگلات۔ کے دشوار گزار راستوں پر تن تنہا منزل بمنزل سفر کرتے رہے۔ علاقے کی اجنبیت درپیش تھی اور زادراہ سے تہی دست تھے مگر یاد الٰہی کے سہارے اور دل میں شوق سمندر لئے سفر طے کرتے چلے گئے۔ سفر کے دوران آپ کی ملاقات کچھ ایسے لوگوں سے بھی ہوئی جو حضرت شیخ احمد ولی صاحب سے ملاقات کے لیے سرینگر گئے تھے لیکن شیخ کے وہاں موجود نہ ہونے کی وجہ سے مایوس واپس لوٹے تھے۔ مگر میاں صاحب نے اپنا سفر جاری رکھا۔ سرینگر پہنچ کر حضرت شیخ کے در اقدس پر حاضر ہوئے تو ایک نوجوان سے ملاقات ہوئی جو قرآن حکیم کی تلاوت میں مشغول تھا۔ چند لمحوں بعد سلام دعا ہوئی تو اس نوجوان نے بتایا کہ حضرت شیخ سفر پر ہیں اور ان کی واپسی کی کوئی اطلاع نہیں۔ اسی اثنا ایک نورانی شکل بزرگ ہاتھ میں اعصا لئے نمودار ہوئے۔ یہی حضرت شیخ احمد ولی تھے۔ حضرت میاں صاحب نے اپنے آنے کا مقصد بیان فرمایا۔ حضرت پیرا شاہ غازی کا اسم مبارک سن کر حضرت شیخ احمد ولیؒ نے اپنے سر کو جنبش دی اور فرمایا۔ ''زیرک ہستی۔''

کچھ دیر ملاقات کے بعد آپ نے اجازت چاہی تو حضرت شیخ احمد ولی نے اپنی جیب

Marfat.com

سے کچھ پیسے نکال کر آپ کو دیتے ہوئے فرمایا کہ بازار سے پاپوش (جوتا) خرید کر پہن لیں کیونکہ آپ صوم وصلوٰۃ کے پابند عابد و زاہد ہیں اور سرینگر کی گلیاں آلودہ ہونے کی وجہ سے آپ کی ظاہری طہارت میں فرق آئے گا۔ چنانچہ آپ نے بڑی عاجزی سے پیسے لئے اور بازار سے تنکوں کی بنی ہوئی چپل خرید کر پہن لی۔ حضرت شیخ نے فرمایا کہ آپ سرینگر سے جب واپس جانے لگیں تو جانے سے قبل یہاں تشریف لائیں انشاءاللہ ملاقات ہوگی۔

حضرت میاں صاحب نے سرینگر میں واقع اولیاءاللہ کے مزارات مقدسہ کی زیارت کی۔ اسی دوران میں سید باقر علی شاہ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ جب آپ کی آمد کے متعلق لوگوں میں خبر پھیل گئی تو ملاقات کے لئے جم غفیر جمع ہوتا گیا۔ چنانچہ اس مصروفیت میں آپ نے سرینگر میں ایک مہینہ قیام فرمایا اور جب واپسی کا ارادہ کیا تو پھر حضرت شیخ احمد ولی صاحب کے در دولت پر حاضر ہوئے تو اسی نوجوان سے ملاقات ہوئی جو پہلے کی طرح لکڑی کے تخت پر بیٹھا تلاوت قرآن پاک کر رہا تھا۔ اتنی دیر میں پھر حضرت شیخ تشریف لائے اور آتے ہی حضرت میاں صاحب کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنے خلوت خانے میں لے گئے۔ دونوں بزرگوں کے درمیان کیا گفتگو ہوئی یہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے کیا لیا کیا دیا۔

میاں عاشق و معشوق رمزیست کراماً کاتبین را ہم خبر نیست

حضرت سلطان باہو فرماتے ہیں پیری مریدی کوئی آسان کام نہیں یہ حکمتِ الٰہیہ کے اسرار و رموز ہیں جس کا تعلق باطنی سربلندیوں سے ہوتا ہے۔ اس شعر کا ترجمہ یہ ہے۔ ''عاشق و معشوق کے درمیان رمز و اسرار ہیں۔ جس کی کراماً کاتبین کو بھی خبر نہیں ہوتی۔''

ریاضات و مجاہدات:

دنیائے تصوف کا یہ بھی ایک اٹل ضابطہ ہے کہ مشاہدات مجاہدات کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ بغیر مجاہدہ کے مشاہدہ ممکن نہیں۔ مجاہدات کے لئے بھی برس ہا برس درکار ہیں۔ سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی نے پچیس سال مجاہدات میں صرف کئے۔

حضرت میاں صاحب یہاں سے اپنا فیض باطنی کا حصہ وصول کرنے کے بعد واپس

Marfat.com

آئے تو آپ کی طبیعت میں تغیر نہیں بلکہ ایک تلاطم پیدا ہو چکا تھا۔ آپ چلہ کشی و ریاضات کے لئے جنگل میں تشریف لے گئے اور کئی کئی روز تک کسی سے ملاقات نہ کرتے ایک مرتبہ رات کے وقت جنگل میں مصروف عبادت تھے تو اچانک ایک نورانی صورت بزرگ تشریف لائے اور میاں صاحب سے کہنے لگے کہ اس جنگل میں ایک ایسی بوٹی ہے جس سے خالص سونا بن سکتا ہے اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کو اس کی ترکیب بتا سکتے ہیں۔ یہ سن کر میاں صاحب نے فرمایا کہ ہمارے گھر میں مال و زر کی کثرت ہے آپ مجھے کوئی ایسی ترکیب بتائیں جس سے مس قلب میں سونے جیسی چمک پیدا ہو جائے یہ سن کر بزرگ مسکرائے اور تشریف لے گئے۔ کچھ دنوں بعد وہ بزرگ دوبارہ حاضر ہوئے۔ اور فرمایا ہم آپ کو ایک ایسی وظیفہ بتا سکتے ہیں جس سے جنگل کے جانور آپ کے تابع ہو جائیں گے اور شیر بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کرے گا۔ اگر چاہیں تو اس پر سواری بھی کر سکیں گے۔ یہ سن کر میاں صاحب نے فرمایا ہمارے خاندان کے طویلے میں خوش رنگ اور تیز رفتار گھوڑیاں موجود ہیں۔ اگر سواری کی ضرورت ہو تو ہم وہاں سے پوری کر سکتے ہیں۔ آپ ہمیں کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس سے ہم اپنے نفس امارہ پر سواری کر سکیں یہ سن کر بزرگ نے آپ کو دعا دی اور کچھ وظائف بتا کر تشریف لے گئے۔

۱۲۷۴ ہجری میں آپ کے مرشد کامل حضرت سائیں غلام محمد صاحب اس دار فانی سے کوچ کر گئے تو آپ ان کے فراق میں نڈھال ہو گئے۔ زمانہ شباب کے عروج پر ۲۸ برس کی عمر میں اپنے مرشد کامل کی تجہیز و تکفین کا انتظام کیا۔ ان کی قبر پختہ کروائی اور مرشد کامل اور دادا پیر حضرت بدوح شاہ ابدال کی قبور کے گرد چار دیواری تعمیر کروائی۔ معلوم ہوا آپ ایک گدڑی پوش فقیر ہونے کے ساتھ ساتھ اعلیٰ درجے کے منتظم بھی تھے۔

حضرت میاں صاحب نے دربار پیر اغازی قلندر کے صحن میں ایک چھپر تعمیر کرایا اور ہمہ وقت اس چھپر میں رہنے لگے۔ یہ چلہ کشی کا دور تھا۔ جس کو تحریر میں لانا مشکل کام ہے۔ نماز مغرب اور عشاء کے درمیان قصیدہ غوثیہ کا ورد کرنا آپ کا معمول تھا اس وقت آپ پر اس قدر محویت و استغراق طاری ہوتا تھا جو بیان سے باہر ہے اس چھپر میں مجاہدات کی معیاد چودہ برس

Marfat.com

بتائی جاتی ہے۔

تصانیف:

عبادات وریاضت کے ساتھ ساتھ دین حق کی تبلیغ اور تصانیف کا سلسلہ بھی جاری تھا۔ آپ کے تمام مکتوبات منظوم ہوا کرتے۔ دوستوں عزیزوں اور حکام بالا کو جب بھی خط لکھتے وہ منظوم ہوتا۔ آپ کو اردو، فارسی، عربی اور پنجابی پر مکمل عبور حاصل تھا۔ آپ کا کلام تمام مذکورہ زبانوں پر محیط ہے تاہم سب سے زیادہ کلام پنجابی زبان میں ہے۔ اس کے بعد دوسرا نمبر فارسی زبان کا ہے۔ اردو اور عربی میں آپ نے کم لکھا ہے۔ آپ کے کلام کا بغور مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ آپ نے اردو اور فارسی کے الفاظ کو پنجابی اشعار میں بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ اس کے علاوہ ان میں سنسکرت اور ہندی کے الفاظ بھی شامل ہیں نثر میں آپ کا کلام بہت کم ملتا ہے۔

شعر گوئی کے لئے آپ کو محنت ومشقت کی ضرورت نہیں تھی۔ بلکہ آپ کے تخیل کی دنیا میں اشعار خود بخود تخلیق ہو کر سلسلہ وار اُمڈتے رہتے اور سننے والوں پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی۔ آپ اشعار کے ذریعہ کہیں تصوف ومعرفت کے موتی پروتے تو کہیں عشق ومحویت کے چمکتے لعل بکھیرتے۔ یہ حقائق ومعارف کا دریا جہالت وگمراہی کے تنکوں کو بہا کرلے جاتا۔ مولانا روم کی مثنوی بھی وجدانی کیفیت میں لکھی لکھائی گئی۔ مولانا وجدانی اور محویت کی حالت میں ٹہلتے اور مثنوی کا دریائے معرفت آپ کی زبان سے جاری ہو جاتا۔ آپ کے مرید خاص اور خلیفہ اوّل جناب حسام الدین چلپی ان اشعار کو لکھتے جاتے۔ اسی طرح مثنوی مولانا روم کی تکمیل ہوئی۔

حضرت میاں محمد بخش کا طرۂ امتیاز یہ ہے کہ آپ نے انسانی زندگی کے ہر پہلو کو زیر بحث لا کر اپنا فلسفہ بیان کیا ہے۔ بلکہ انسانی زندگی سے نکل کر عالم لاہوت وموت اور بعث بعد الموت پر مکمل گفتگو فرمائی ہے۔ معرفتِ الٰہیہ سے متعلق آپ کا بیان زیادہ تر رمز واشارت پر محیط ہے۔ یہاں تنزلاتِ ستہ کی طرف اشارہ ملتا ہے۔

حضرت میاں صاحب نے تعریف حسن انسانی، منظر کشی، علم موسیقی ساز، علم فلکیات، علم

Marfat.com

ہیت، علم نجوم، جذبات نگاری، مرثیہ نگاری، بیت نگاری، قافیہ ردیف، دنیاوی رسم و رواج، راج حکومت، جنگ و جدال، سفارتی تعلقات، سفر و حجر، ہجر و وصال اور شرح و فقہ پر اس انداز سے گفتگو فرمائی ہے کہ انفرادی مضامین کے ماہرین کو بھی حیران کر دیا ہے۔ حضرت میاں صاحب کی شہرت آپ کی شہرہ آفاق مثنوی سیف الملوک کی وجہ سے دنیا بھر میں ہوئی۔ یہ محض ایک فرضی داستان ہے۔ درحقیقت حضرت میاں محمد بخش کا تعارف دنیا میں آپ کے عارفانہ کلام کی وجہ سے ہے۔ پوری دنیا میں جہاں جہاں اہل ذوق موجود ہیں جہاں خانقائیں اور درسگائیں موجود ہیں اسلامی تقریبات میں آپ کا عارفانہ کلام پڑھا جاتا ہے جو روح کے لئے غذا مہیا کرتا ہے۔ مگر افسوس اہل علم آپ کو ایک شاعر کی حیثیت روشناس کراتے ہیں۔ ایک ولی کامل کے طور پر بہت کم ذکر کیا جاتا ہے۔ آپ کی تخلیقات کا ادبی نقطہ نظر سے تجزیہ کیا جاتا ہے آپ کے کلام میں معارف اور اسرار الٰہیہ کا جو سمندر موجزن ہے اس کی طرف توجہ نہیں کی جاتی۔ نہ ہی کوئی ایسی جامع کتاب سامنے آئی ہے جو سالکین راہ طریقت کو رہنمائی فراہم کر سکے حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ آپ کے عارفانہ کلام کے ایک شعر کی شرح کے لئے کئی دفتر لکھے جا سکتے ہیں مثلاً ـ

آئی جان شکنجے اندر جیوں ویلن وچ گنا　　　　رو ہنوں کہہ ہُن رہ محمد جے رہوے تے منّاں

یہ تو کوئی طالب صادق سے پوچھے جو منازل سلوک طے کر رہا ہے۔ کہ اس شعر کا کیا مطلب ہے جو شکنجے میں پھنس کر نکلنا بھی چاہے یعنی فراریت اختیار کرنا بھی چاہے تو بھاگ نہیں سکتا۔

حضرت میاں صاحب نے شعر گوئی کا آغاز لڑکپن سے ہی کر دیا تھا۔ دوہڑے قطعے اور رباعیاں لکھنا آپ کا معمول تھا۔ آپ کی باقاعدہ تحریر و تصنیفات کا عرصہ تقریباً ساٹھ برسوں پر محیط ہے۔ آپ کے بہت سے ملفوظات و مکتوبات ابھی تک اکٹھے نہیں ہو سکے جس کے لئے ایک مرکزی ادارے کی ضرورت ہے۔

حضرت میاں صاحب نے اپنی باقاعدہ تصانیف کا آغاز ستائیس برس کی عمر میں کیا اور سب سے پہلے داستان سوہنی مہینوال لکھی۔ آپ نے کل پندرہ کتابیں تحریر فرمائیں۔ جن کی فہرست

Marfat.com

مندرجہ ذیل ہے:-

(۱) (۲) سوہنی مہینوال (۱۲۸۳ھ) ط (۱) (۲) تحفہ اسرار (۱۲۸۳ھ) ط (۱) (۳) شیخ صنعان (۴) (۱۲۸۳ھ) ط (۱) (۵) شاہ منصور (۱۲۸۶ھ) ط (۱) (۶) نیرنگِ عشق (۱۲۸۶ھ) ط (۱) (۷) شیریں فرہاد (۸) (۱۲۸۶ھ) ط (۱) (۹) مثنوی سیف الملوک (۱۲۸۹ھ) ط (۱) (۱۰) تحفہ رسولیہ (۱۲۹۱ھ) ط (۱) (۱۱) تحفہ خواص (۱۲) (۱۲۹۳ھ) ط (۱) (۱۳) احوال حیات (۱۲۹۸ھ) ط (۱) (۱۴) ہدایت المسلمین (۱۲۹۹ھ) ط (۱) (۱۵) گنج (۱۶) (۱۳۰۳ھ) ط (۱) (۱۷) پنج گنج (۱۳۰۵ھ) ط (۱) (۱۸) کرامات (۱۳۰۳ھ) ط (۱) (۱۹) گلزار فقیر

سی حرفیاں، شعر و بیت منظوم تحریریں ان کی تفصیل یہ ہے

۱- بارہ ماہ

۲- سی حرفی سسی پنوں

۳- سی حرفی قول

۴- سی حرفی مشکل کشا

۵- سی حرفی الٰہی بخش

۶- سی حرفی پیر گاشیر

۷- سی حرفی ملک محمد

۸- سی حرفی باقر علی شاہ

۹- سی حرفی فتح علی بشیر

۱۰- سی حرفی الہام الٰہی

۱۱- سی حرفی ہیر

۱۲- شجرہ طریقت قادریہ

۱۳- سلامی کرامات محمدی

۱۴- شجرہ طریقت قادریہ دوم

۱۵- مناجات حضور غوث اعظم (فارسی)

مناجات (نظم فارسی)

تبلیغ دین:

حضرت میاں صاحب نے دینی تبلیغ کا سلسلہ اس انداز سے شروع کیا جسے انگریز کبھی نہ سمجھ سکا۔ ان کے دور میں کوئی تحریک نہ تھی، میاں صاحب نے اپنے فطری عشق و تصوف کو اپنا نقطہ نظر بنا کر عوام الناس کو دینی موقف قائم رکھنے اور فرض کی ادائیگی کا درس دیا اور دینی حیات اسلامی اخلاقیات کو ایسے انداز میں پیش کیا کہ لوگ امتیاز مذہب و عقیدہ آپ کے گرد جمع ہوتے چلے گئے اور کیا مسلمان کیا ہندو ہر طرح حضرت میاں صاحب ہر

Marfat.com

چیز بے نیاز بنا کر رکھ دیا جلال الٰہی کی یاد زندگی کا محور تھی کونین کی محبت میں شامل رہتا ہے اور اس کو بڑی دیوانگی کا بجا کر رہا کر بالمعروف و نہی عن المنکر کے عمل میں زندگی کی ادائی کا درس دیتے رہے اگرچہ آپ ظاہر و باطنی طور پر محویت و استغراق کے عالم میں رہتے تھے تاہم آپ کی محویت کبھی یہ صورت اختیار نہ کرتی تھی بلکہ حال جذب میں بھی آپ کی مجلس وعظ و تبلیغ ہوتی جس سے ہزاروں لوگ مستفید ہوتے تھے آپ کی مجالس عموماً ظہر سے عصر تک رہتی اس کے بعد آپ وظائف میں مشغول ہو جاتے۔

ایک ایسے دور میں جبکہ پوشیدہ نہیں تھی کہ جنوبی پنجاب عظیم تبلیغی مرکز اور روحانی علوم کی درسگاہ بن چکی تھی جہاں سے دینی اور روحانی تعلیمات کا سلسلہ جاری تھا حضرت میاں محمد بخش صاحب نے اپنا ظاہر و باطن دین کی تبلیغ اور انسانیت کی خدمت کے لئے وقف کر دیا تھا۔

گرمیوں کے موسم میں آپ پہاڑ میں ضلع بخش تشریف لے جایا کرتے تھے دامن کوہ کا یہ مقام جہاں موسم گرما میں گرمی کی شدت بہت کم ہوتی ہے آپ نے وہاں ایک مسجد تعمیر کرائی جو تعمیر کا نادر نمونہ ہے اس کے ساتھ ایک چشمہ پر بند باندھ کر پانی ذخیرہ کرنے کا انتظام فرمایا تالاب کے پاس ایک پتھر پر اکثر جاکر نماز پڑھا کرتے تھے تمام اشیاء اب اس علاقے کے نوادرات میں شامل ہیں۔

حضرت میاں محمد بخش ایک کامل ولی اللہ عارف باللہ اور مبلغ اسلام با عمل صوفی تھے آپ کی صحبت سے فیض یاب ہونے والے ارادتمند تقویٰ و تجرید کی منازل طے کرتے ہوئے درجہ کمال کو پہنچے آپ کی تصانیف سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ آپ ایک قادر الکلام شاعر تھے آپ کی شہرت کی وجہ آپ کا کلام ہے جو عشق و آہ توحید میں ڈوبا ہوا اپنی صنف کا ایک علیحدہ مقام رکھتا ہے تشبیہات و استعارات کی صورت میں عوام کے سامنے موجود ہے یہ کہنے میں مجاز عشق کے قصے لکھے ہیں دراصل مجاز کے روپ میں حقیقت کی لڑی ہے اہل اللہ و اہل بصیر نظر آپ کا کلام سن کر جھوم اٹھتے ہیں انہیں کسی شرح کی ضرورت نہیں بلکہ میاں صاحب کے کلام کو سمجھنے کے لئے شرح و حواشی کی ضرورت ہے تب یہ کلام اپنے معنوی خزانے کھول دیتا ہے۔

Marfat.com

آپ کی مسلسل جدو جہد تبلیغ وارشاد سے خطہ کشمیر و پنجاب میں نورِ حق جگمگا اٹھا۔ دین اسلام کا آفتاب اپنی کرنیں بکھرنے لگا۔ علم و معرفت کے چشمے پھوٹے اور ہزار ہا بلکہ لاکھوں تشنگان علم و معرفت سیراب ہوتے رہے اور سیراب ہوتے رہیں گے۔ ان بزرگان دین کو محض شاعر کہنا درست نہیں۔ یہ الفاظ تو اہل مغرب اور اغیار ان صوفیائے کرام کے لئے استعمال کرتے ہیں جو سخن گو تھے مثلاً۔ ابن الفرید، مولانا روم، خواجہ فرید الدین عطاء بڑے اچھے شاعر تھے۔ ان ہستیوں نے بشمول حضرت میاں صاحب اسلام کے روحانی نظام کے ڈنکے بجائے۔ اور اغیار تو اسلام کے اس روحانی نظام یعنی تصوّف اور صوفیاء کرام سے خائف رہتے ہیں۔ ان ہستیوں کے مزارات پر لوگ اس لئے نہیں جاتے کہ یہ بڑے اچھے شاعر تھے بلکہ ان کے درباروں سے قرب الٰہی نصیب ہوتا ہے روحانی تربیت ملتی ہے۔ تصوف کے اسرار و رموز کھلتے ہیں رہنمائی ملتی ہے۔ اس لئے ان کے مزارات پر ہمہ وقت رات دن قرآن خوانی ہوتی ہے درود و سلام پڑھا جاتا ہے ایصالِ ثواب کیا جاتا ہے۔

اولیاء کاملین کی سنت کو حضرت میاں صاحبؒ نے بھی اپنی زندگی میں جاری و ساری رکھا۔ تاریخ گواہ ہے کہ آپ اپنی تمام حیات ظاہری میں کبھی کسی حاکم راجہ مہاراجہ یا افسر بالا کے ہاں کسی کام کی غرض کے لئے تشریف نہیں لے گئے بلکہ ایسے بڑے لوگ جاہ حشمت والے آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے، قدم بوسی کرتے اور اپنی حاضری کو سعادت مند سمجھتے تھے۔

اخلاق حسنہ:

اگرچہ آپ پر اکثر بیشتر جذب کی کیفیت طاری رہتی پھر بھی دین کے تمام ارکان سختی سے ادا کرتے۔ ایک مرتبہ چلہ کشی کے دوران کھانا پینا تقریباً موقوف کر دیا۔ بیر کی گھٹلی کو پیس کر (ستو بنا کر) اس سے روزہ افطار کرتے۔ کم خوری کی وجہ سے آپ جسمانی طور پر بے حد لاغر ہو گئے اور آپ کو پیشاب کی تکلیف ہو گئی۔ نماز کے دوران آپ کو آٹھ آٹھ مرتبہ وضو کرنا پڑتا لیکن آپ نے اتنی تکلیف کے باوجود چلہ پورا فرمایا۔ آپ کے دل میں عشق رسول اللہ ﷺ کا طوفان ہمہ وقت موجزن رہتا۔ آپ ﷺ کا نام گرامی سنتے تو آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے۔

Marfat.com

ان تمام اوصاف کے ساتھ ساتھ آپ ایک بہترین منتظم اور جفاکش انسان بھی تھے اور اپنے بڑے بھائی حضرت میاں بہاول بخش کی حیات میں عبادات وریاضات سے وقت نکال کر کھیتی باڑی میں بھائی کا ہاتھ بٹاتے ۔ جب دربار حضرت پیرا شاہ غازی قلندر کی بیرونی چار دیواری کی تعمیر شروع ہوئی تو آپ نے اس کے انتظام میں بھرپور حصہ لیا اور مزدوروں کا ہاتھ بٹاتے رہے۔

حضرت میاں صاحب اپنے دوست احباب سے بڑی محبت وشفقت سے پیش آتے تھے اگر کوئی حاجت مند آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا تو حسبِ توفیق اس کی حاجت روائی فرماتے غلط مقدمات میں ملوث افراد جب دادرسی کے لئے آتے تو عموماً آپ حکام بالا اور اراکین سلطنت کو منظوم رقعہ تحریر فرماتے اور سفارش کرتے ۔ حکام بھی آپ کا بے حد احترام کرتے ہوتے غلط مقدمات خارج کر دیا کرتے ۔ اسی طرح آپ نے ایک مرتبہ راجہ اللہ داد مرحوم رئیس لہڑی راجگان کی بھی مدد فرمائی اور جموں کی عدالت میں ان کا جو مقدمہ چل رہا تھا کامیابی دلائی۔

وفات:

ایک دن حسب معمول بعد از نماز عصر اپنے اوراد و وظائف میں مصروف تھے ۔ موسم سرما کی وجہ سے ایک خادم نے آگ جلائی اور نماز مغرب کے وضو کے لئے پانی گرم کیا ۔ آپ نے وضو کیا اور آگ کے قریب تشریف لے گئے ۔ اسی وقت بدن میں کمزوری محسوس ہوئی تو آپ ایک طرف جھک گئے ۔ خدام نے مل کر آپ کو سہارا دیا اور چارپائی پر لٹا دیا ۔ ایک دن اور ایک رات آپ پر غشی کی حالت طاری رہی ۔ دوسرے روز آپ کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ آپ کا وصال سات ذوالحج 1324 ہجری بمطابق ۲۲ جنوری ۱۹۰۷ء بروز منگل ہوا۔

آپ کے وصال کی خبر سن کر کہرام مچ گیا اور ایک ہجوم آمڈ آیا ۔ جس طرح حضرت مولانا جلال الدین رومی کی وفات پر سانحہ پیش آیا تھا اور لحد میں اتارنے تک آٹھ تابوت ٹوٹ گئے تھے اور بار بار تابوت تبدیل کئے گئے اسی طرح حضرت میاں صاحب کی وفات حسرت آیات پر لوگوں کا ہجوم دیکھنے میں آیا ۔ جنازے کے لئے اتنی مخلوق خدا اکٹھی ہوئی کہ صف بندی کرنے

Marfat.com

کے لئے گھٹنے ٹیک کر یا بیٹھ کر تمام تر کمال کی خدمت رہتی۔ آپ کی وصیت تھی کہ مجھے وہی شخص غسل دے اور وہ شخص نماز جنازہ پڑھائے جس نے تمام عمر کسی غیر محرم عورت کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھا ہو۔ اس خدمت کے لئے حضرت حافظ مطیع اللہ صاحب جو سیالکوٹ کے رہنے والے تھے، خود کو پیش کیا۔ پہلی روایت کے مطابق حضرت حافظ مطیع اللہ صاحب نے آپ کو غسل دیا اور نماز جنازہ پڑھائی جبکہ دوسری روایت یہ ہے کہ حضرت حافظ مطیع اللہ صاحب نے غسل دیا تو حضرت میاں صاحب کی وصیت کے مطابق جنازہ تیار کر کے رکھ دیا گیا تو ایک نقاب پوش بزرگ تشریف لائے جن کو کوئی نہیں جانتا تھا، انہوں نے نماز جنازہ کی امامت فرمائی اور فارغ ہو کر بغیر کسی سے بات کئے رخصت ہو گئے۔ آپ کی پگڑی، ایک تسبیح مبارک اور ایک عصا مبارک اشیاء کو قبر میں دفن کر دیا گیا۔

حلیہ مبارک:

حضرت میاں صاحب کا قد مبارک بلند و موزوں، رنگ گندمی، بال مبارک کالے (ا بڑا) خوشنما پیشانی کشادہ، چشمان سرخ، ناک بلند و قدرے خمیدہ، سینہ کشادہ، جسم طاقتور، جو اپنے وقت میں پہلوانوں کے ہم پلہ تھا۔ گفتار شیریں، فصیح و بلیغ، طبیعت مبارک نکتہ سنج، مزاج حلیم و بردبار، بخشش و سخاوت شعار، چال تیز رفتار، متواضع، عجز و انکسار کا پیکر، قائم اللیل، صائم الدہر، گھوڑے کی سواری کے شوقین تھے۔

آپ کی تربت مبارک حضرت میاں صاحب کی اپنی خواہش کے مطابق روضۂ اطہر مشرق کی جانب چند گز کے فاصلے پر بنائی گئی۔ بعد ازاں آپ کے پوتے حضرت میاں محمد صاحب نے آپ کا روضہ مبارک تعمیر کروایا۔

عرس مبارک:

حضرت میاں صاحب کے دربار مقدس پر ہر سال ماہ ذوالحج کی تاریخ کو عرس منایا جاتا ہے۔ علماء، فضلاء، امراء، مجلس اور عوام الناس ذوق و شوق سے شرکت کرتے ہیں۔ قرآن خوانی ہوتی ہے۔ درود و سلام بحضور محمد مصطفیٰ ﷺ پڑھا جاتا ہے۔ اس کے بعد نعتیں، حمد اور قصائد پڑھے جاتے ہیں اور پھر آخر میں حاضرین محفل کو لنگر کھلایا جاتا ہے۔

(محمد ارشد ...)

84917

Marfat.com

ماخذات

۱۔ عارفِ کھڑی، راجہ احمد، میاں محمد سکندر

۲۔ حیاتِ حیدر شاہ، ملک محمد کرشاکر

۳۔ کلام میاں محمد بخش، ملک محمد کرشاکر

۴۔ گلستانِ قلندری، مشہود الحق قریشی

۵۔ پنجابی شاعری، عزیز آفاقی

۶۔ سیف الملوک، ترتیب و مقدمہ محمد شفیع عقیل

۷۔ سوانح عمری حضرت میاں صاحب، حضرت قاضی مولوی محبوب علی فقیر

۸۔ میاں محمد بخش احوال و آثار، عزیز احمد چوہدری

۹۔ مقدمہ سیف الملوک، سید سبط الحسن ضیغم

۱۰۔ مقالہ حضرت میاں محمد بخش صاحب، سید اختر امان جعفری

۱۱۔ تذکرہ قلندری، مولانا طارق مجاہد جہلمی

۱۲۔ سوانح عمری حضرت میاں محمد بخش صاحب، ٹھیکیدار ملک محمد

۱۳۔ بوستانِ قلندری، ٹھیکیدار ملک محمد جہلمی

۱۴۔ سوانح عمری حضرت میاں صاحب، مولوی عبدالرحمن

۱۵۔ لعلاں دی پنڈ، اقبال صلاح الدین

Marfat.com

Marfat.com

سی حرفی حضرت مولا مشکل کشا شیر خدا

الف انبیاں دے سر تاج اگے دن رات درود سلام ہووے
ابوبکرؓ تے عمرؓ عثمانؓ علیؓ اوہدی آل اولاد تمام ہووے
کل اولیاں دا سر تاج علیؓ جیندا سب جہاں غلام ہووے
جس علیؓ محمد اسؤ ریا ای بھاہ نرگ دی اس حرام ہووے

ب باپ نے جمدیاں علی نوں جی آندا چائیکے بُت مناونے نوں
بت علی نوں ویکھ کے ڈگ پئے لوڑن قدم اتے متھا لاونے نوں
آئے لین دیدار فرشتے جی حوراں سب آیاں منگل گاونے نوں
سون شان محمدا شاہ دا جی دل لوچدا مدح سناونے نوں

ت تک کے شیر خدا ئیدے نوں دیودنت راکش نس جاوندے نی
نعرہ بجھ کے علی دے نام دا جی کوہ قاف بھی تاب نہ لاوندے نی
سیوہ دار جو اوس جناب دے جی منہ منگیاں نعمتاں پاوندے نی
سخی شاہ مرداں علی شیر یزداں پنوداں طبق محمدا گاوندے نی

ث ثابت نال یقین دے جی جہاں مرتضےٰ علی نوں یاد کیتا
سبھو مشکلاں اسدیاں حل ہویاں گھر دلی تے دین آباد کیتا
مسلمان کیتا علی کافراں نوں سینہ صاف تے دل آزاد کیتا
واری جان محمد مرتضےٰ توں مسلمان جہاں شمشاد کیتا

Marfat.com

ج ج جگ جگ اندر اندر نہیں نہیں مول مول ہو ہو ہیا ہیا کوئی کوئی مرتضیٰ مرتضیٰ علی علی دے دے نور نور دا دا جی جی
رستم رستم بہمن بہمن تے تے سفند سفندیار یار علیؑ علیؑ فقر فقر کر کر کے کے گئے گئے ٹوا ٹوا جی جی
علی علی نام نام سن سن کے کے کیا کیا بدلا بدلا بدلی بدلی تاپ تاپ نام نام سمر سمر فغفور فغفور دار دار جی جی
کر کر دے دے محمدؐ محمدؐ دی دی شاہ شاہ دا دا جناح جناح جس جس کے کے گھر گھر نور نور سو سو دا دا جی جی

ح ح حد حد نئیں نئیں ہدا ہدا دے دے قرب قرب دا دا جی جی علیؑ علیؑ نبیؐ نبیؐ دے دے وچ وچ جا جا نا نا ئیں ئیں
نبیؐ نبیؐ گئے گئے معراج معراج تے تے علی علی ٹھا ٹھا جتھے جتھے سو سو دی دی وقت وقت سبا سبا نا نا ئیں ئیں
نبیؐ نبیؐ ملک ملک دی دی جد جد آپ آپ کہیا کہیا رقدا رقدا ہدا ہدا دل دل اذن اذن صاحب صاحب نا نا ئیں ئیں
ساڈا ساڈا مان مان محمد محمد آسرا آسرا جی جی باجھ باجھ اوس اوس بلند بلند جنا جنا نا نا ئیں ئیں

خ خ خیبر خیبر ماں ماں تے تے در در بند بند سیاہ سیاہ علیؑ علیؑ اک اک کلڑا کلڑا مار مار دا دا ای ای
نعرہ نعرہ بجھ بجھ کے کے علی علی دے دے نام نام جی جی چھیڑ چھیڑ ہو ہو نکول نکول کفار کفار ای ای
کئی کئی لکھ لکھ کروڑ کروڑ وار وار ور ور جیہے جیہے علی علی تر تر وڑ وڑ مر مر وڑا وڑا ڈار ڈار دا دا ای ای
کر کر دے دے محمدؐ محمدؐ دی دی شاہ شاہ دا دا جناح جناح جھٹ جھٹ دے دے وقت وقت نگاہ نگاہ دار دار ای ای

د د دلدل دلدل دا دا اسوار اسوار علیؑ علیؑ مہر مہر دی دی لالاں لالاں دا دا مرتضیٰ مرتضیٰ جگ جگ دا دا تا تا
جس جس حسن حسن بہتر بہتر وار وار دے دے تے تے بیت بیت دے دے تواہ تواہ لکھ لکھ دا دا تا تا
کل کل خلق خلق دی دی رس رس پہنچا پہنچا وندی وندی حسن حسن مرتضیٰ مرتضیٰ ہیاں ہیاں حسن حسن تا تا تا تا
شاہ شاہ اسطے اسطے نام نام محمدؐ محمدؐ دے دے کریں کریں شوق شوق لہو لہو مدد مدد تا تا تا تا

Marfat.com

ذ ذ ذکر ذکیا تیڈا ذاتے نام نام دی جگ کرے مور دنیا ہیاں ہیاں ساریاں بانوں نوں
مائی مائی پیاپ بھکھیاں بھیاں نکیاں نکیاں دا پلڑا پلڑے کجھیں کجھل سال اعاریاں بانوں نوں
نام نالیمند لیلاں یارکام کاتمام تماہوندوندے لیکھے لیکھے تے غمخفا شفا آزاریاں بانوں نوں
شاہاشکل ہامن سوال الحمد محمدے دا دلیری کری مددمدے بھیج بھیج سواریاں بانوں نوں

ر ر ربّ بابا لاڈلاڈ شاہ شاہ مرد مان الہا الٰہی کیا کرسول سول مقبول قبول دا تواں توں
بند بیوانایاں اناں دے بند چھڈ چھوٹاں ناویں خوش خوش شوہناں نازہ رخ رخ لتّ لا توں توں
تیرا تیکھ دکھیٹیاں ارکھ دیکھ جلوندا وندے نی شفا شفا کافی کافی ہیں رہ رحولا توں توں
شاہا شاہاں حسن حسین حسینی دو داسطہ الٰہی اروار کویں محمد محمدے سول سول دا تواں توں

ز ز زور زور تینوں تنوں مولا مولا کیا کیتا دتیرا تیرے زور زور دا جن جن انسان انانا ئیں ئیں
امت امت نبی نبی کریم کریم بنی دی وچ وچ کوئی کوئی تدتد جیڈ جیڈ بلند بلند نشان نشانا ئیں ئیں
کوہ قاف قاف کنبن کنبن تیرا تیرا اکھ حملہ حملہ نعرہ نعرہ جھلد جھلدے دھرت دھرت آسمان انا ئیں ئیں
سنو سنو عرض عرض محمد محمدی دی عرض عرض کر کر ہور ہور جھلد جھلد کوئی کوئی جہان جہانا ئیں ئیں

س س سنگال سنگال بیڑے بیڑیاں پار تر وڑ وڑ ونجاندا ندا تیرے تیرے نام نام شریف شریف دا زور زور مرد مرد دا
جدوں جدوں تال تال الیقین یقین دے یاد یاد کرے کرے چھچھے پھاہی عجون توفی چوڑ مرد مرد دا
بجن تجن توں توں جہند جہاند کیہا خوف خوف خدا نہوں تو ٹٹدے جگ جگ سارا سارا کرے کھیدھمر مرد دا
دو دو تی تی سب سب محمد محمد دے نزیز کر کر ولکرمیلو میلو یار یار مٹا مٹائیکلے کلے شور شور مرد مرد دا

Marfat.com

ش   شاہ شاہاں علیؓ میر میراں دستگیر ہیں ڈھٹھیاں ماندیاں دا
تدھ جیڈ ملاح نہ ہور کوئی بیڑی ڈبدیاں رہڑ دیاں جاندیاں دا
توں تے اوترے نوں پت بخشاں ہیں ضامن ہیں نمانیاں باندیاں دا
شاہا میل کھاں یار محمدؔ دے دل لے کے مکھ چھپاندیاں دا

ص   صفدرا حیدرا دولیا او تیرے سوہنے نام توں گھولیاں میں
تیرے دردی خاک دا قدر بھارا کرسی عرش دے نال سی تولیاں میں
نام رب دے واسطے بخش مینوں جھیڑا سخن اولڑا بولیاں میں
لوسار شتاب محمدؔ دی فکراں رولیا تے جی ڈولیاں میں

ض   ضرب لگی سینے ہجر دی جی گجھی سانگ کلیجڑے رڑکدی ہے
پانی کون پاوے اوگن ہارا تے نت اگ فراق دی بھڑکدی ہے
مہربان ہووے جدوں شاہ شاہاں جھب ملے مرادنہ اڑا کدی ہے
تیری مدددی آس محمدؔ نوں توڑے خلق ساری پئی دھڑکدی ہے

ط   طرف تسادڑی بہت مینوں ہور طرف دوجی نائیں سجھدی جی
جبہ فقر دا تے چادر سیّدی دی مولیٰ پاک دتی تینوں پجدی جی
تیرا نام کنجی در جنتا ندی اگ دوزخاں دی جس تھیں بجھدی جی
سر کردمہم محمدؔ دی جیندی فکر اندر جند پجھدی جی

Marfat.com

ظ	ظاہری باطنی روگ اتے کامل توں حکیم طبیب ہیں جی
تیرا نام مونا دہے ناد علیؓ سچے رب دا خاص حبیب ہیں جی
تیری دوستی دا فخر انبیاں نوں نبیؐ پاک دے نال قریب ہیں جی
محمد بے نصیب ہماڑاں نوں مولیٰ بھیجیا نیک نصیب ہیں جی

ع	علی دا مرتبہ بہت اچا یوسف مصرے پئے تیں توں گھولڑے نی
ذوالقرنین نالے جمشید جہیئے دا را خسرو تیرے گولڑے نی
بنے تدھ لائے بیڑے نوحؑ والے جدوں وچ طوفان دے ڈولڑے نی
تساں جنگ احد سی فتح کیتا جدوں لوک محمدا ہولڑے نی

غ	غم جھلے سر اپنے جی نبی پاک جائی سر ہو لیا سی
نظر ویریاں دی وچ چھپ رہیوں خاطر یار دی خوف قبولیا سی
جھتے رحم دا مینہ وسایا ی سوکا باغ مراد دا پھولیا سی
لاڑا توں ہو یوں وچ اولیاندے سر چھتر محمدا جھولیا سی

ف	فتح ہوندے گڑھ کوٹ تکے جہیڑے جنگ اندر تیرا نام لیندا
توڑے فوج ہوے اگے دیوتیاں دی ہتھیں پکڑ کے دے لگام لیندے
نت پن تے دان سوایا ی تیرا خیر شاہا خاص وعام لیندے
چھب دیو مراد محمدے نوں لکھاں میں جہیئے انعام لیندے

Marfat.com

ق ق

قدر قدر میرا کیہ لائیں میں ایڈ نیلا شاہا تیری قدری درجے حشر شریف سناوَیندا
نبی نبی آکھیا کھیا علم اوبا سیلاب تینوں تینوں واہ را شہر شہر حقا حقاندے سجا وچ جاوَیندا
ندی ندی کالا دھدھ سکی دی نج وچ کالا توج تو لیں ہیتی تتھے کھے کب ہے پہلے پانگھا لنگھیاوَیندا
محمد محمد سب سب پہتے پہتے پیلا پیلا بکڑ پکڑ شاہ شاہ وا ودھیر دھیر ایشیہ شیوا عشق عشق کماوَندا

ک ک

کرم کرم تیرا اتیرا لٹھے ٹھے بہر پہر شاہا شاہا بلد اسد باپنجنا پنجناں خنکلا کلاں الیاں الیاں نوں نوں
ہتھیں ہتھیں پکڑ پکڑ کے بکے ہر باہر لا نکلا اکی جگ جگ سن سکھ کھیر صیب صیب حق حق لیا لیاں نوں نوں
دشمن دشمن دوکلیو کان دے کے دکمار مار ور زور دکی وکمیو سیکلوں کا فر فیرا لیاں لیاں نوں نوں
کرو کرو فال نال فقیر فقیر غریب غریب یار یاری دا لاہو ہو فکر فکر اندا شیاں شیاں پالیاں لیاں

ل ل

لج لج کھیں کھیں لا آگنہا گنہاری دی جگی جی بیا بیا سو تار بتار بان بان دا فقا فقا دا والے
چلکر چلکر بجھ بجھ گئے پلے پلے سب سب میرے تو لے تو لی ایک ایک پل کر کر ین گنہا گنہار والے
فیر فیر توق توقیا لیا الٹ اٹش بخش بخشنو میتوا لاول اول دے کے دکلا دا وید اوید اوالا والے
نا نالے کے دکر دوا دوا محمد محمد دے دی جاو جاون کھ دکھ تے ملن ملن بیا ریا دا والے

م م

منگ منگناں ہاں صد صد لا لا لیھا ہیٹھا تیر تیرے سخی سخی داد وادی دی آس آس اُٹھے تے
ساقی ساقی آپ آپ تو لیں ہیں حوض حوض کوثر کوثر ان پانی پانی فضل وصل پیاپیا پیاسیاں اٹھے تے
چجا چجا دالیا الیا دا لیا الیا دا ہیلے نیاں نے نے نیلا نیاں دے کوچ کو حچرا بکی بیاس اٹھے تے
شاہا شاہا ہار شرم محمد محمد دے مے نام نام دی اکی دکر کوم کرم کمینے کمینی دی رواں اٹھے تے

Marfat.com

ن ن نردھوناں ھنداں تے تکرار نکار یاں دی دتی تو ہی ہی کر آ سمرا امر ہنجیا ہنجا ناں ناں ہیں ہیں
لکھا لکھاں ھیا ھیا لو ملیا ملیا کو ٹر کویل یانوں نوں تاں تلز نسی نیھا ہراں او دکا او نا ہیں ہیں
توں تو ہی دی رزاد ماں عالب نبہ نبہ زیاں یار اہ دا ملیے جھلیے تو جھیڑ صدمے میدن آیون آون آیں ہیں
شاہ شتابل بہ سنیں پکار یکا محمد محمد دی دی مدمد ری روا کرو ں کیوں ڈھلی ھل لگاو لگاو ناں ہیں ہیں

و و وس وس تیر تیرے سے ھو سھو کم کمتھا شاہا ہنوں منوں ہور رہور ناں ندرے مک وس باء پاناں میل ئیں
لکھے لکھے لیکھ ضو حضور دے ھتھ ہتھ تیرے تیر دتیری مور موڑا گل گل خدا خدا ئیل ئیں
توڑ توڑے لکھے لکھطا خیطا لمیاں ندرے میں میں بھر یاھر یار مدری نتی بنی گر دکر خوطا خطا ئیل ئیں
جہب جھب یہو یھو امر احمد محمد نے نوں نوں ہوند ہوند نے ورز وار سنوں سنوں تے ستا نسا ئیل ئیں

ہ ہ ہار یار یاں لانا یار یاں جت جت لیعند لیندے سے ہاتھیا تہا تد تھیں تھیں دلدار اگد یا مگدیانی نی
کئیں کیتیں جھٹ جھوٹ اتنی اتنیا لوں لوں مجھیا جھیاں دے کے رنگھ رنگھا گھا گ دے نگیا نگیانی نی
اساں اساں کسا کیساں دنگی سنگی ہشتما ہنشاہ کیتڈ یتی ھپچھیں پیچھیں یار رھوں رھواں نا نگیا نگیانی نی
کرو کرم رحیم محمد محمد دے حال حال نے تے ہتشا ہشتاہ نہ ہوندے کیا کہیا تنگیا تنگیانی نی

لا لا لا میل ئیں ھنڈا ھڈاں ہور رہور گوں گوں تیر تیرے نے ورز وار گئے گئیں نہیں گل گل کی کائی
تیرا تیرا نام نام لیا لیا ھو سھو پیا پٹ ھڈ ھندے پہنچے پہنچے لکھ درود درود رسول آئی جائی
تسیں تسیں گل نگا سچ جو ہنوار صلہ یار یاں دے کے کیا دیا یاں سے سجن جاناں جاں بن ٹھائی
شاہا شاہا سطہ سطہ ب ب صلے م نام دل اکی دکر دہا ہواں محمد محمدی دی روا آری آئی

. .

Marfat.com

الف آس امید نہ تروڑساں میں مداں والیاں ویکھیساں راہ تیرے
کاج ہورناں دے گھریں ماپیاندے تیرے ہتھ نے کاج ویاہ میرے
اج ادھڑا لکھ نہیں مل میرا ملیں توں نے لکھ نے واہ میرے
پایا زور محمد دیاں دشمناں نے شاہا ہوو ناں پشت پناہ میرے

ی یار ہوویں غم خوار میرا لیں سار سوال یتیم دا ای
اوگنہار کر کے گھروں کڈھ نائیں بندہ گولڑا مڈھ قدیم دا ای
دسو. ترت جمال کمال نالے سر کرناں کم مہیم دا ای
محمد بخش نوں مہر دی نظر بخشو شاہا واسطہ نبی کریمؐ دا دی

☆☆☆

Marfat.com

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡکَرِیۡمِ

سی حرفی ہیر

الف اوہ جانن جنہاں عشق لایا ایس عشق دے کیڈ جنجا لڑے نی
کالے ناگ محبوب دی زُلف والے ڈنگ مار دے سخت ڈانگا لڑے نی
شاخاں مار کے شیر شکار کرن تکونین کے شوخ غزا لڑے نی
پچھو جاء محمدا ہیر کولوں جگ جاندا عشق سوکھا لڑے نی

ب بنھ مشکاں سنگ سیلیاں دے مشکاں لاء جوسیلیاں وٹدے نی
پہنواں چھک کمان کمان قوت پلکاں تیر چلائیکے پھٹدے نی
خونی نین کٹاریاں تیز یا روتکن سات سوہنے کوہ سٹدے نی
تکو حال تڑفدے عاشقاں دا گلیاں وچ تے پیئے حلالڑے نی
پچھو جاء محمدا ہیر کولوں جگ جاندا عشق سوکھا لڑے نی

ت تکدے مول نہ تھکدے نی آکھیں میٹدے نہیں شہید یارو
موت موت پکاروے لوک اوکھی موت عاشقاں واسطے عید یارو
حالو حال ساڈے کہیڑا جاندای جانے اوہ جو فرد فرید یارو
پئے کوکدے پنجرے عاشقاں دے وچہ گوردے بھی ایہو حالڑے نی
پچھو جاء محمدا ہیر کولون جگ جاندا عشق سوکھا لڑے نی

Marfat.com

ث ثابتی عشق ہے عاشقاں دا جیڑے وار دے جان پیاریاں توں
سوہنے ویکھ کھسائیکے لنگھ جاندے ہتھیں اپنے پھٹیاں ماریاں توں
کجھ ترس ناہیں انہاں ظالماں نوں کر وخوف لوکو ہتھیاریاں توں
نت مار دانت جگا۔ وندائی تکو عجب پریم دے چالڑے نی
پچھو جا محمدا ہیر کولوں جگ جاندا عشق سوکھا لڑے نی

ج جگ جہان وچہ نشر ہویاں کہر کہر گئے ٹہول وجہ میرے
سیاں نگ سہیلیاں تنگ پیاں گیاں سٹ کے ویکھ کو چج میرے
تک شرم آوے میرے ماپیاں نوں پہائی چھپ رہے مارے لج میرے
دیہن چھبیاں آن گوانڈناں دی کی بولسیں نوں ہدالڑے نی
پچھو جاء محمدا ہیر کولوں جگ جاندا عشق سوکھا لڑے نی

ح حال ویکھو برہیوں پھٹیاں دا دا گاں پٹیاں سیس گندان بھلے
مہندی دٹناں لاکی وٹناں جیو ہسن کھیڈناں شان گمان بھلے
سرمہ پانوناں سرمنہ تہونوناں جیوملن تیل فلیل تے نہان بھلے
